احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز
۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

نام کتاب ـــــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ـــــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی
ترجمہ عربی ـــــــــ محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ـــــ عالم فقری
تعداد طبع اول ـــــــــ ایک ہزار
سال طباعت ـــــــــ ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ـــــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب

ناشر ـــــــــ شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

قیمت ـــــــــ ۵۷/- روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

الجواب

بیٹھ کر سننے کھڑے ہو کر سننا مکروہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۶۸۔ صرف ایک تکبیر کہکر جماعت میں شامل ہونا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ امام رکوع میں ہے اور ایک شخص صرف ایک تکبیر کہہ کر شامل جماعت ہو گیا تو یہ تکبیر تحریمہ یعنی اولیٰ ہوئی یا مسنونہ اس صورت میں نماز اس مقتدی کی ہوگی یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

اگر اس نے تکبیر تحریمہ کہی یعنی سیدھے کھڑے ہوئے تکبیر کہی کہ ہاتھ پھیلائے تو زانوں تک نہ جائے تو نماز ہو گئی اور اگر تکبیر انتقال یعنی جھکتے ہوئے تکبیر کہی تو نماز نہ ہوگی اُسے دو تکبیر کہنے کا حکم ہے تکبیر تحریمہ اور تکبیر انتقال۔ پہلی تکبیر تحریمہ قیام کی حالت میں اور دوسری تکبیر انتقال رکوع کو جاتے ہوئے در مختار میں ہے:۔

ولو وجد الامام راكعًا فكبر منخسيا ان الى القيام اقرب صح ولغت نيته تكبيرة الركوع۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۶۹۔ غسل اور فجر کی نماز

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کو غسل کی حاجت ہے اگر وہ غسل کرتا ہے تو فجر کی نماز قضا ہو جاتی ہے تو ایسی حالت میں کیا کرے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور غسل کر کے پھر اعادہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۷۰۔ کم داڑھی والے کی امامت کے بارے میں حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ داڑھی منڈانے اور خشخشی کرانے والا اور حد شرعی سے کم رکھنے والا فاسق ہے یا نہیں اور ان کے پیچھے نماز فرض خواہ تراویح پڑھنا جائز ہے یا نہیں اور حدیث شریف میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حق میں کیا ارشاد فرمایا ہے اور وہ حشر کے دن کس گروہ میں اٹھے گا۔ بینوا توجروا۔

الجواب

داڑھی منڈانے اور کتروانے والا فاسق معلن ہے اُسے امام بنانا گناہ ہے فرض ہو یا تراویح کسی نماز میں اُسے امام بنانا جائز نہیں حدیث میں اس پر غضب اور اس وہ قتل وغیرہ کی وعیدیں وارد ہیں اور قرآن عظیم میں اس پر لعنت ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخالفوں کے ساتھ اس کا حشر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۔ شرعی داڑھی

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ داڑھی شرعی کتنی ہونی چاہیے؟ بینوا توجروا

الجواب

ٹھوڑی سے نیچے چار انگل چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۔ فجر کی قضا نماز کی ادائیگی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ طلوع آفتاب سے کتنی دیر بعد نماز قضا پڑھنے کا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

طلوع کے بعد کم از کم ۲۰ منٹ کا انتظار واجب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۔ پختہ قبر بنانا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قبروں کا پختہ بنانا روا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب

میت کے گرد پختہ نہ ہو اوپر کا حصہ پختہ کر دیں تو حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۴۔ یہود و نصاریٰ کی ملازمت

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی سنی مسلمان کسی وہابی یا یہودی یا نصرانی یا کسی کافر سے بات چیت کرے یا کسی کے پاس بیٹھے یا نوکری کرے تو یہ مسلمان کافر ہو گیا یا نہیں اور اگر کافر نہ ہوا تو دوسرا شخص اس کو کافر کہے اس کے لیے کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا